## سوال

سورۃ الفاتحہ کے بغیر پڑھی گئی نمازوں کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ویب سائٹ پر دیے گئے سوالات سے اندازہ ہوتا ہے کہ سورہ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی، توجو نمازیں اسی طرح پڑھی گئی ہیں، ان کا کیا حکم ہے؟ کیا ان کو دوہرانا پڑے گا؟

## جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں سورۃ الفاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی، کیونکہ یہ نماز کا رکن ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''لا صلاۃ لمن لم یقرا بفاتحۃ الکتاب'' (رواہ البخاري 714) جس شخص نے سورہ فاتحہ نہ پڑھی اس کی کوئی نماز نہیں ہے۔ لیکن لاعلمی میں سورہ فاتحہ کے بغیر پڑھی گئی نمازوں کا حکم ذرا مختلف ہے۔ آپ معذور ہیں اور امید ہے کہ اللہ تعالی آپ کی جہالت کی وجہ سے آپ کی ان نمازوں کا ضرور اجر دے گا۔ آپ نمازیں دہرانے کی بجائے، اس غلطی پر اللہ سے معافی مانگیں اور دوبارہ ایسا نہ کریں۔ اب علم ہوجانے کے بعد آپ پر لازم ہے کہ اب ہر نماز کی ہر رکعت میں سورۃ الفاتحہ ضرور پڑھیں۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دار الافتاء محدث